**08.08.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ............عبدالواحد

**Music**

------------------------------

- ☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے بھارت کے ترقی کے سفر کو آگے بڑھانے میں اختراع، تحقیق اور ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیوں کی اہمیت پر زور دیا ہے۔
- ☆ مرکزی وزیر امت شاہ نے شہری علاقوں میں امدادِ باہمی بینکوں کیلئے اور زیادہ مضبوط سائبر سکیورٹی اور ڈیجیٹل تحفظات کی ضرورت اجاگر کی ہے۔
- ☆ سرکار نے اسٹارٹ اَپ اداروں کو مزید تقویت پہنچانے کی خاطر بڑے صنعتی اداروں کے ساتھ کلیدی مفاہمت ناموں پر دستخط کئے ہیں۔
- ☆ ایران کے صدر نے کہا ہے کہ اُن کا ملک سفارتکاری کے تئیں عہد بند ہے لیکن وہ دباؤ میں آکر نہیں جھکے گا۔
- ☆ اتراکھنڈ اور چھتیس گڑھ میں کَل شدید سے لے کر بہت شدید بارش کے امکان کے مدنظر اورینج الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ اڈیشہ میں دریاؤں میں پانی کی سطح بڑھنے کے تناظرمیں پھر سے سیلاب کاخطرہ پیداہوگیا ہے۔
- ☆ اور بیڈمنٹن میں Asan میں کوریا ماسٹرس ٹورنامنٹ کے خواتین سنگلز کے فائنل میں Ashmita Chaliha کا مقابلہ چین کی Q Han سے ہوگا۔

------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

***PM IIT Delhi Convocation***

وزیر اعظم نریندر مودی نے بھارت کے ترقی کے سفر کو آگے بڑھانے میں اختراع، تحقیق اور ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیوں کی اہمیت پر زور دیا ہے۔ آج انڈین انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی آئی ٹی دلّی کے 57ویں تقسیم اسناد کے جلسے سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے طلبا پر زور دیا کہ وہ اپنے فیصلوں میں ملک کے مفاد کو مقدم رکھیں اور اپنے آپ سے یہ سوال کریں کہ کس طرح اُن کے کام سے ملک کو فائدہ ہوسکتا ہے اور اُس کی ضروریات پر توجہ دی جاسکتی ہے۔

وزیر اعظم نے کہا کہ ملک میں نئے شعبے ابھر رہے ہیں اور نوجوانوں کیلئے نئے مواقع پیدا ہو رہے ہیں۔

جناب مودی نے سیمی کنڈکٹر، خلا اور ڈرون جیسے شعبوں کا حوالہ دیا اور کہا کہ بھارت سبھی شعبوں میں خودکفیل بننے کی سمت کام کر رہا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ خودکفالت کی سمت یہ مہم ایک وکست بھارت کی تعمیر کیلئے ایک مضبوط بنیاد فراہم کرے گی۔

**S/B PM on Self Reliance 29 Sec**

وزیر اعظم نریندر مودی نے سیمی کنڈکٹر شعبے میں بھارت کی کوششوں کا تذکرہ کرتے ہوئے کہا کہ بھارت کے پہلے سیمی کنڈکٹر یونٹ میں پروڈکشن کا کام شروع ہوگیا ہے۔

**S/B 2100 PM on Semi Conductor**

ادھر تعلیم کے مرکزی وزیر پرہلاد جوشی، **IIT** دلّی کے بورڈ آف گورنرس کے چیئرپرسن ہریش سالوے اور **IIT** دلّی کے ڈائرکٹر پروفیسر رنگن بنرجی بھی اس تقریب میں موجود تھے۔

اس موقع پر وزیر اعظم نے **IIT** دلّی میں اعلیٰ کارکردگی والے کمپیوٹنگ مرکز 'پرم پرگیہ' کا افتتاح بھی کیا۔**x**

## ***Amit Shah Mumbai***

امور داخلہ اور امدادِ باہمی محکمے کے مرکزی وزیر امت شاہ نے شہری علاقوں کے امدادِ باہمی بینکوں کیلئے اور زیادہ مضبوط سائبر سکیورٹی اور ڈیجیٹل تحفظات کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ وہ آج ممبئی میں **'Sahakar Nav-Kranti'** پروگرام سے خطاب کر رہے تھے۔ جناب امت شاہ نے کہا کہ ڈیجیٹل لین دین کے فراڈ کے معاملات میں اضافہ ہورہاہے۔ انھوں نے بینکاری سیفٹی کویقینی بنانے کی خاطر اور زیادہ مضبوط فارینسک مدد پرزور دیا۔

انھوں نے سائبر جرائم اور مالی امور سے متعلق جرائم سے نمٹنے کیلئے نیشنل فارینسک سائنس یونیورسٹی کے ساتھ اشتراک کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ وزیر داخلہ نے ایک سکیورٹی آپریشنز سینٹر کا آغاز بھی کیا جو شہری علاقوں کے امدادِ باہمی بینکوں کیلئے دن رات سائبر نگرانی اور سکیورٹی فراہم کرے گا۔

***S/B Amit Shah***

## ***DPTIT MoUs***

حکومت نے آج اہم صنعتکاروں اور ایکو نظام تیار کرنے والوں کے ساتھ سلسلے وار کلیدی مفاہمت ناموں کا اعلان کیا، جن میں **Cashfree** پیمنٹس، **Darwin Dynamics**،**Vultre India** ، **Cars24** اور اسٹارٹ اپس انڈیا کونسل شامل ہیں۔ اِن مفاہمت ناموں پر، تجارت اور صنعت کے صنعت و داخلی تجارت کے فروغ کے محکمے نے دستخط کیے ہیں۔ کامرس اور صنعت کی وزارت نے مطلع کیا ہے کہ **Cashfrer** پیمنٹس کے ساتھ دستخط کیے گئے مفاہمت نامے کا مقصد، اسٹارٹس اپس کیلئے ڈیجیٹل بنیادی ڈھانچے کومستحکم کرنا ہے۔ **Darwin Dynamics** کے ساتھ دستخط کیا گیا مفاہمت نامہ، انٹرپرینورشپ کی ترقی اور اسٹارٹ اپس ایکو نظام کو مضبوط کرے گا۔

وزارت نے مزید کہا کہ اِس شراکت داری کا مقصد **Tier-2**، **Tier-3**اور دیہی خطوں میں چھوٹے کاروباروں کو فروغ دے کر اسٹارٹ اپس انڈیا پہل کو وسعت دینا ہے۔ **x**

## UPI Charges

سرکار نے یہ وضاحت کی ہے کہ صارفین کیلئے UPI اور ایک شخص سے دوسرے شخص کے درمیان لین دین پر کوئی چارج نہیں لگے گا۔ وزارت خزانہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ صارفین کو UPI کے ذریعے رقم کی ادائیگی کرتے وقت لین دین پر کسی طرح کے چارج کا سامنا نہیں کرنا ہوگا۔ ساتھ ہی بیشتر کاروباری لین دین پر بھی کوئی چارج عائد نہیں ہوگا۔ وزارت نے کہا ہے کہ اگر مرچنٹ ڈسکاؤنٹ ریٹ MDR چارجز کا سلسلہ شروع ہوتا ہے تو اِس کا اطلاق ایک مخصوص حد کے اوپر محدود کاروباری لین دین پر ہی ہوگا اور یہ بہت معمولی شرح ہوگی۔ وزارت نے کہا ہے کہ ادائیگی اور تصفیے کے نظام سے متعلق ایکٹ میں ترمیم ایک ایسا بندوبست ہے جس کا مقصد UPI کے طویل مدت تک پائیدار رہنے، تکنیکی پیشرفت اور ابھرتے ہوئے خطرات کے تناظر میں استحکام کو یقینی بنانا ہے۔x

## India 300 GW Electricity

بھارت نے اپنی ماحول کیلئے سازگار توانائی کے سلسلے میں ایک اہم سنگِ میل حاصل کیا ہے۔ ملک میں نصب شدہ غیرروایتی ایندھن پر مبنی بجلی کی صلاحیت 300 گیگاواٹ سے تجاوز کرگئی ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر، نئی اور قابلِ تجدید توانائی کے وزیر پرہلاد جوشی نے اجاگر کیا کہ بھارت کی قابلِ تجدید توانائی کی صلاحیت میں گذشتہ 12برس میں 400فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ وزیرِ موصوف نے کہا کہ غیر روایتی ایندھن پر مبنی نصب شدہ بجلی کی صلاحیت کے 300 گیگاواٹ کے سنگِ میل سے اِس بات کا اظہار ہوتا ہے کہ بھارت کی ماحول کیلئے سازگار توانائی کی منتقلی مقرر کردہ عالمی اہداف کے مطابق جاری ہے۔ جناب جوشی نے اجاگر کیا کہ وزیرِ اعظم نریندر مودی کی زیرِ قیادت، حکومت ایک صاف ستھرا، ماحول کیلئے سازگار اور زیادہ پائیدار مستقبل تشکیل دے رہی ہے۔x

## Rijiju Rahul Gandhi

پارلیمانی امور کے مرکزی وزیر کرن رجیجو نے ملک میں خواتین ریزرویشن بل پر فوری طور سے عملدرآمد کیلئے شِرومنی اکالی دَل کے مطالبے کا خیر مقدم کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب رجیجو نے کہا کہ سبھی کو ایک منصفانہ اور مساویانہ حد بندی کے ساتھ خواتین کو بااختیار بنانے کیلئے مل کر آگے آنا چاہئے، جس میں برابر کی نمائندگی کو یقینی بنایا گیا ہو۔شرومنی اکالی دَل نے چنڈی گڑھ میں اپنے سرکردہ رہنماؤں کی میٹنگ میں یہ مطالبہ کیا تھا۔ شرومنی اکالی دَل کے صدر سکھبیر سِنگھ بادَل نے کہا کہ پارٹی نے ایک ایسی منصفانہ اور مساویانہ حد بندی کی بھی مانگ کی ہے جس میں سبھی ریاستوں کیلئے برابر کی نمائندگی ہو۔انھوں نے مزید کہا کہ اکالی دَل نے اُس تجویز کی حمایت کی ہے جو سرکار نے سبھی ریاستوں کی پچاس فیصد سیٹیں یکساں طور پر بڑھانے کیلئے پارلیمنٹ میں پیش کی تھی۔

ادھر جناب کرن رجیجو نے لوک سبھا میں اپوزیشن کے لیڈر راہل گاندھی کی ایک پوسٹ کا جواب دیتے ہوئے ایک اور سوشل میڈیا پوسٹ پر کہا کہ 2029میں اگلے عام انتخابات میں خواتین ریزرویشن نافذ کرنے کی خاطر جلد سے جلد حد بندی کا عمل شروع کرنا ہوگا اور یہ مردم شماری کے موجودہ اعداد وشمار پر مبنی ہوگا۔

جناب رجیجو نے کہا کہ حدبندی کا عمل شروع ہونے کے بعد ناری شکتی وندن ادھینیم نافذ ہوجائے گا۔x

**CJI MP**

بھارت کے چیف جسٹس سوریہ کانت نے زور دے کر کہا ہے کہ شہریوں سے یہ امید رکھنے کی بجائے کہ وہ نظامِ انصاف کی جانب قدم بڑھائیں گے، انصاف خود شہریوں تک پہنچنا چاہئے۔ وہ آج اِندور میں قانونی خدمات سے متعلق قومی اتھارٹی کی مغربی زون کی علاقائی کانفرنس کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔

جناب سوریہ کانت نے کہا کہ انصاف تک بامقصد رسائی کا تقاضہ ہے کہ قانونی ادارے اُن لوگوں تک پہنچیں جو اُن سے رجوع کرنے سے قاصر ہیں۔ چیف جسٹس نے کہا کہ کانفرنس کے تین اہم ستونوں مذاکرات، عظمت اور شمولیت سے مساویانہ انصاف کے آئینی وعدے کیلئے عملی معنی میسر ہوتا ہے۔x

**S/B CJI**

**Jharkhand Students Protest**

جھارکھنڈ میں JSSC،JPSC اور دیگر مسابقتی امتحانات میں مبینہ بے ضابطگیوں پر طلباء کے احتجاج میں تیزی آ گئی ہے۔ یہ معاملہ اب سپریم کورٹ پہنچ گیا ہے، جبکہ ریاستی حکومت اور مختلف طلباء تنظیموں کے درمیان بات چیت جاری ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ ...

**VC - Mehvish**

سپریم کورٹ میں ایک عذرداری داخل کی گئی ہے، جس میں 14ویں JPSC ابتدائی امتحان کو مبینہ بے ضابطگیوں کی وجہ سے منسوخ کئے جانے اور اسے دوبارہ کرائے جانے کی درخواست کی گئی ہے۔ اس عذرداری میں ایک ریٹائرڈ جج کی سربراہی میں غیر جانبدارانہ انکوائری کمیٹی تشکیل دینے اور امتحان کے پورے عمل کی غیرجانبدارانہ جانچ کرانے کی درخواست کی گئی ہے۔

اس دوران جے پال سنگھ مُنڈا اسٹیڈیم میں کئی دنوں سے احتجاج کررہے طلباء مسلسل اپنی مانگوں پر زور دے رہے ہیں۔ مظاہرین کا کہنا ہے کہ صرف لفظی یقین دہانی کافی نہیں ہے اور یہ مظاہرہ تب تک جاری رہے گا، جب تک پختہ نتائج برآمد نہیں ہوتے۔ ریاستی حکومت نے مختلف طلباء تنظیموں کے ساتھ اپنی بات چیت تیز کردی ہے۔

اس کے بعد حکومت نے کہا ہے کہ وہ مزید فیصلے کرنے سے پہلے اُن کی مانگ اور تجویز پر غور کرے گی۔ طلباء کے نمائندے پیوش کمار نے کہا ہے کہ حکومت اُن کی مانگوں کا لازمی طور پر ایک تحریری جواب دے۔ بھوک ہڑتال کررہے طالبِ علم راہل کمار کرانتی، جو صدر اسپتال میں داخل ہیں، انہوں نے طلباء، امیدواروں، والدین اور سماجی کارکنوں سے 10اگست کو مجوزہ اسمبلی گھیراؤ میں

بڑی تعداد میں شرکت کرنے کی اپیل کی ہے۔ تاہم انتظامیہ نے احتجاج کے مقام کے آس پاس سکیورٹی سخت کردی ہے۔
رانچی سے مہوش رحمن کی رپورٹ کے سات اردو خبروں کیلئے میں ارجمند علی خان

## Sonowal Port Security Conference

بندرگاہوں، جہاز رانی اور آبی گزرگاہوں کے مرکزی وزیر سربانند سونووال نے کہا ہے کہ بھارت کے بحری ترقی کے سفر میں ملّاحوں کا اہم رول رہا ہے۔ انھوں نے اِس بات کو یقینی بنانے کے سرکار کے عہد کو دوہرایا کہ ہر ملّاح محفوظ رہے، اُس کا خیال رکھا جائے اور مدد کی جائے۔

جناب سونووال نے آج ممبئی میں ملاحوں کی سکیورٹی، تحفظ اور بہبود کے موضوع پر ایک قومی مباحثے میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے کہا کہ بھارت ملاحوں کے تعلق سے دنیا کے ایک سرکردہ ملک کے طور پر ابھرا ہے۔ اِس موقع پر ایک جامع ڈیجیٹل بحری گورنینس پلیٹ فارم "E-Samudra" کا آغاز بھی کیا گیا۔

مذکورہ پلیٹ فارم کا مقصد ملاحوں، جہاز رانی سے متعلق کمپنیوں، بندرگاہوں، خدمات فراہم کرنے والے اداروں اوردیگر بحری تنظیموں کو بلارکاوٹ، شفاف اور ایسی خدمات فراہم کرنا ہے جن میں شہریوں کو مرکزی حیثیت حاصل ہو۔

## Iran US MoU

ایران کے صدر مسعود Pezeshkian نے ملک کے قومی مفادات کا تحفظ کرنے کیلئے سفارتکاری کے تئیں اپنے ملک کے عہد کا اعادہ کیا ہے اور زور دے کر کہا ہے کہ ایران کو سرینڈر کرنے پر مجبور نہیں کیا جاسکتا۔ جناب Pezeshkian نے اپنی سرکاری ویب سائٹ پر ایک انٹرویو میں امریکہ کے ساتھ بات چیت اور ایک مفاہمت نامے پر دستخط کرنے کے سرکار کے فیصلے کو صحیح ٹھہرایا ہے، جس کا مقصد جنگ ختم کرنا ہے۔

انھوں نے کہا کہ جب تک امریکہ مذکورہ سمجھوتے کے تحت اپنی ذمہ داریاں پوری کرتا ہے، ایران بھی اپنے وعدوں پر عمل کرتا رہے گا۔ ایران کے صدر نے کہا کہ اگر امریکہ اپنے عہد کی تکمیل میں ناکام رہتا ہے تو اِس عمل کو جاری رکھنے کیلئے ایران پر کوئی ذمہ داری نہیں ہوگی۔

مذکورہ مفاہمت نامے پر اِس سال جون میں دستخط کئے گئے تھے۔ اس کے تحت دونوں ملکوں کو دو مہینے کے عرصے میں بات چیت کرنے اور پائیدار امن سمجھوتے کی سمت کام کرنے کی سہولت دی گئی ہے۔x

## Eve IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے، IMD نے کل اتراکھنڈ اور چھتیس گڑھ میں شدید سے بہت شدید بارش کیلئے Orange الرٹ جاری کیا ہے۔ ہریانہ، چنڈی گڑھ، ہماچل پردیش، پنجاب، اترپردیش، بہار، راجستھان، جھارکھنڈ، مدھیہ پردیش اور شمال مشرق کے حصوں میں بھی شدید بارش کا امکان ہے۔ موسمیات کے محکمے نے کل، جموں و کشمیر، آندھرا پردیش، کیرالم، ماہے، کرناٹک، تمل ناڈو، پڈوچیری، کرائیکل، لکشدیپ اور انڈمان و نکوبار جزائر میں بھی گرج

چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے اور تیز ہوائیں چلنے کی پیشگوئی کی ہے۔ آج دلّی کے حصوں میں شدید بارش ہوئی۔ IMD نے کل صبح قومی راجدھانی کے کچھ حصوں میں ہلکی بارش کے ساتھ عام طور پر مطلع ابر آلود رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔

## Odisha Flood

اڈیشہ میں Baitarani اور Salandi دریاؤں میں پانی کی سطح میں اضافے سے سیلاب کا خطرہ بڑھ گیا ہے، جس سے بھدرک اور دیگر نشیبی علاقوں میں ایک بار پھر تشویش میں اضافہ ہوگیا ہے۔ بھدرک میں دریاؤں کے کنارے ٹوٹنے سے مختلف گاؤں میں پانی بھر گیا ہے۔ شمالی اڈیشہ اور مغربی بنگال سے متصل حصوں میں پھر ہوا کے کم دباؤ کا حلقہ بننے سے مزید شدید بارش ہورہی ہے اور اہلکار مختلف اضلاع میں ہائی الرٹ پر ہیں۔

جنوب مغربی، مغربی بنگال اور شمالی اڈیشہ سے متصل حصے میں ہوا کے کم دباؤ کا حلقہ بننے سے اڈیشہ میں ایک بار پھر شدید بارش ہورہی ہے۔ بھارتی موسمیات محکمے نے سُندر گڑھ، جھار سُگوڈا، بار گڑھ اور سمبل پور میں اورینج الرٹ جاری کیا ہے، جبکہ مختلف اضلاع کیلئے Yellow الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ بھدرک اور Tihidi بلاک کے مختلف نشیبی علاقے اور گاؤں بدستور غرق آب ہیں۔ کٹک میں Sapua اور Kantia دریاؤں میں طغیانی آنے سے پرانی کٹک - سمبل پور سڑک کے حصوں پر آمد و رفت متاثر ہے۔ ریاست کے مختلف حصوں میں شدید بارش سے معمولاتِ زندگی متاثر ہیں اور کئی گاؤں میں سڑک رابطہ منقطع ہے۔ عہدیداران، خاص طور سے نشیبی علاقوں میں صورتحال پر قریبی نظر رکھ رہے ہیں کیونکہ مزید بارش کی پیشگوئی کی گئی ہے۔

## Korea Masters Badminton

Asan میں کَل کوریا ماسٹرس بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کے خواتین سنگلز کے فائنل میں بھارت کی Ashmita Chaliha کا مقابلہ چین کی Q Han سے ہوگا۔Ashmita آج سیمی فائنل میں اپنی ہموطن رکشیتا رام راج کو اکیس—تیرہ، سولہ—اکیس اور اکیس—تیرہ سے ہرا کر فائنل میں پہنچی ہیں، جبکہ Q Han نے دوسرے سیمی فائنل میں جنوبی کوریا کی G Kim کو شکست دی تھی۔x

## Weightlifting Asian Jr. Chamionship

آج ازبیکستان کے تاشقند میں ایشیائی جونیئر ویٹ لفٹنگ چمپئن شپ میں بھارتی ویٹ لفٹروں نے اچھے کھیل کا مظاہرہ جاری رکھا اور مردوں کے جونیئر 60 کلوگرام زمرے میں ایک سونے اور ایک چاندی کا تمغہ جیتا۔ Tomchou Meetel نے کُل 3 تمغے جیتے، جن میں مجموعی زمرے میں سونے کا، Snacth میں کانسے کا اور Clean & Jerk میں چاندی کا تمغہ شامل ہے۔ انہوں نے کُل 266 کلو گرام وزن اٹھایا۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆